سوال

(169) نبی کریمﷺ کا میت کے پاس تشریف لانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا نبی کریمﷺ میت کے پاس خود بنفس نفیس تشریف لاتے ہیں یا آپ کی صورت دکھائی جاتی ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نبی کریمﷺ کی تشریف آوری ان غیبی امور میں سے ہے جو توفیقی ہیں۔ ان کا علم صرف اس صورت میں ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو بتائے لہذا کسی نص شرعی کے بغیر ان امور میں غوروخوض کرنا جائز نہیں ہے یہ کسی بھی آیت یا حدیث سے قطعاً ثابت نہیں ہے۔ کہ آپﷺ خود بنفس نفیس یا آپ کی صورت میت کے پاس تشریف لاتی ہے ہاں البتہ یہ ضرور ثابت ہے کہ قیامت کے دن لوگ آپ کے پاس جمع ہوکر یہ درخواست کریں گے کہ آپﷺ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے پاس ان کی سفارش کریں یا قیامت کے دن سے متعلق اس طرح کی دیگر باتیں جو نبی کریمﷺ سے ثابت ہیں۔ اور جو آپکے خصائص میں سے ہیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص38